Narration	Time
Gimp کے اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید.	00.22
اس امیج کی ایڈیٹنگ شروع کرنے سے پہلے، میں مختصرً آپ کوآپ کا اصل فوٹوگرافی کے لئے RAW کا استعمال کرنے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں.	00.24
اگر میں نے اس امیج کو JPEG میں شووٹ کیا ہوگا، تو مجھے اسکی اینکوڈِنگ کرنے کے لئے براٹنیس کے 256 سٹیپس لینے پڑیں گے.	00.33
آپ دیکھ سکتے ہیں کہ یہ سیاہ اور سفید کے نزدیک، ہلکے نیلے اور سبز رنگ کے ٹنٹ کے ساتھ ہے اور بنیادی طور پر یہ صرف grayیعنی سُرمئی رنگ ہے	00.42
اور JPEG میں، آپ کے پاس گرے کے 256 مختلف ویلیوز ہوتے ہیں،	00.52
سیاہ کے لئے 0اور سفید کے لئے255	01.00
اس امیج میں، بالکل بھی سفید رنگ نہیں ہے اور صرف تھوڑا سا ہی سیاہ رنگ ہے.	01.05
لہذا اس کمرے کے صرف ایک چھوٹے سے حصے کا استعمال کیا جاتا ہے.	01.11
میں آپ کو دکھاوں گا، کتنی دیر کے بعد.	01.16
میں نے اس امیج کو RAW میں شوٹ کیا تھا اور میرا کیمرا (raw) امیجیس کو 12 بٹ ڈیٹا فارمیٹ میں اسٹور کرتا ہے.	01.19
یہ وہ امیج ہے جو مجھے ویلیوز پھیلانے کے بعدRAW converter سے حاصل ہوئی ہے، اور یہاں میرے پاس گرے کے لئے 256 مختلف ویلیوز ہیں اور اب میں اس امیج کو ایڈٹ کرنا شروع کر سکتا ہوں.	01.27
اس امیج میں، یہاں پہلی والی کے مقابلے میں مزید تفصیلات اسٹور یعنی جمع ہیں.	01.42
یہ وہ پہلی امیج ہے، جو مجھے یاد ہے، اور یہ وہ ہے جو مجھے کنورشن کے بعد حاصل ہوئی ہے.	01.47
دوسری امیج پوسٹ پروسیسنگ کے لئے ایک اچھی بنیاد ہے جس کے نتیجے میں ایک ایسی تصویر حاصل ہوتی ہے، جو بالکل پہلی والی امیج کی طرح ہے لیکن بہتر دکھائی پڑتی ہے	01.54
اب میں نے GIMP میں وہ دونوں امیجز کھول لی ہیں، لہذا دونوں امیجیس کے ہسٹوگرام پر ایک نظر ڈالتے ہیں.	02.06
ہسٹوگرام امیج ڈائیلاگ میں چھپا ہوا ہے،	02.14
لیکن ہم امیج ڈائیلاگ پر 3 مختلف طریقوں سے پہنچ سکتے ہیں، پہلا طریقہ ٹول بار پر ہے	02.17
دوسرا طریقہ، یہاں Access the Image Menu پر کلک کرکے ڈائیلاگ پر کلک کرنا ہے.	02.33

02.40	اور تیسرا طریقہ براہ راست امیج پر رایٹ کلک کر کے، پھر امیج پر اور اس کے بعد ڈائیلاگ، اور بالترتیب ہسٹوگرام پر کلک کرنا ہے.
02.48	یہاں پہلی امیج کا ہسٹوگرام ظاہر کیا گیا ہے.
02.51	اسے تھوڑا بڑا کریں اور یہاں آپ امیج میں مختلف رنگوں کے مختلف پکسلز کی تقسیم دیکھ سکتے ہیں.
02.59	ڈیجیٹل تصویر، ہندسوں سے بنی پینٹنگ کی مانند ہوتی ہے.
03.03	جب آپ اس امیج کو زوم کرتے ہیں، تو بہت سے چھوٹے چھوٹے ٹائل ظاہر ہوتے ہیں اور ان میں سے ہر ٹائل مختلف رنگ کا ہے، جسے ایک پکسل کہا جاتا ہے.
03.14	ہر رنگ کو ایک ویلیو دے کر بیان کیا جاتا ہے اور میں آپ کو کلر پکر کی مدد سے یہاں یہ ویلیو دکھا سکتا ہوں.
03.26	جب میں کلر پکر کا استعمال کرتا ہوں، تو مجھے سرخ، سبز اور نیلے رنگ کے لئے ویلیو حاصل ہوتی ہیں.
03.32	اس امیج میں، سرخ رنگ کی ویلیو، سبز اور نیلے رنگ کے مقابلے میں تھوڑی کم ہے.
03.38	سبز اور نیلے رنگ کی ویلیوار دتقریباً اور بالکل ایک جیسی ہے.
03.43	ہندسوں سے بنی پینٹنگ ڈیجیٹل فوٹوگرافی ہے.
03.46	یہاں اس امیج میں، میرے پاس 0 سے 255 تک کے ہندسے ہیں، اور یہاں ہمارے پاس ایک حقیقی سیاہ مائل حصہ ہے لیکن مجھے نہیں لگتا کہ یہ آخری امیج میں ظاہر ہوگا.
04.00	مجھے لگتا ہے کہ امیج کا حقیقی حصہ یہاں تقریبا 80 سے شروع ہوتا ہے اور یہاں امیج کا چمکدار حصہ تقریبا 200 پر ہے.
04.10	لہذا ہمارے پاس 0 سے 256 تک کے لئے جگہ ہے، لیکن ہم صرف 120 کا استعمال کرتے ہیں، جو اس ڈیٹا کے نصف سے کم ہے جو ہم استعمال کر سکتے ہیں.
04.23	اور اس کی وجہ امیج کی زیادہ تر معلومات یہاں غائب ہو جاتی ہے
04.29	دوسری امیج کے ہسٹوگرام پر ایک نظر ڈالتے ہیں.
04.33	چونکہ یہاں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اس ہسٹوگرام میں پہلی امیج کے مقابلے میں زیادہ ڈیٹا ہے لیکن یہ curve یعنی خمدار لکیر کی شکل میں ہوتی ہے.
04.45	آپ ان 2 ہسٹوگراموموازنہ کر سکتے ہیں.
04.51	دوسری امیج میں تفصیلات پھیلی ہوئی ہیں تا کہ وہ مسئلہ جسے مجھے یہاں حل کرنا ہے یعنی دوسری امیج کو پہلی امیج کی طرح کمپریسڈ بنانا ہے.

لیکن اس میں تھوڑی اور تفصیلات ہونی چاہیئے اور اس میں پہلی امیج میں، اس کے مقابلے میں تھوڑا زیادہ کنٹراسٹ ہونا چاہیئے.	05.01
اس امیج پر کام کرنا شروع کرنے سے پہلے، میں آپ کو ایک چیز دکھانا چاہتا ہوں جو مجھے آخری ٹیوٹوریل ریکارڈ کرتے وقت gimp یوزر انٹرفیس کے بارے میں پتہ چلی ہیں.	05.11
جب آپ امیج ونڈو میں ٹیب دبائیں، تو ٹول باکس غائب ہو جاتا ہے اور امیج کو ہر ممکن حد تک بڑی کرنے میں میری مدد کرتا ہے اور میں اپنی ضرورت کے مطابق ٹول باکس کو آن یا آف کر سکتے ہیں.	05.23
لہذا جو میں یہاں کرر ہا ہوں، اس میں سے بہتر دیکھ سکتا ہے اور آپ بھی اسے بہتر دیکھ سکتے ہیں.	05.41
اس امیج کی ایڈیٹنگ شروع کرنے سے پہلے، مجھے کچھ سیٹنگس بدلنی ہوں گی.	05.46
لہذا میں File، Preference پر جاتا ہوں اور یہاں میں Window Management پر جاتا ہوں اور یہاں آپشن منتخب کرتا ہوں،	05.52
ٹول باکس کیلئے Keep above اور docks کیلئے Keep above اور باقی آپشنس کو ویسا ہی چھوڑ دیتے ہیں.	06.03
میری طرف سے OK دبانے کے بعد، GIMP تشہیر کے مطابق کام کرتا ہے.	06.11
میں ٹول باکس سے ٹولز منتخب کر سکتا ہوں اور میری طرف سے منتخب کئے گئے ٹول کے تمام آپشن حاصل کر سکتا ہوں.	06.17
میں دوبارہ امیج پر کلک کر سکتا ہوں اور ٹول باکس کو آن اور آف کرنے کے لئے ٹیب کا استعمال کر سکتا ہوں.	06.25
کیا امیج لیول میں ہے ؟ پہلے اس کی جانچ کرتے ہیں	06.33
اس امیج میں، یہاں کوئی انسان کا بنایا ہوا قابل اعتماد سٹرکچر یعنی ڈھانچہ نہیں ہے، لہذا میں یہ چیک کرنے کے لئے کہ کیا امیج سیدھی ہے؟ گرڈ طریقہ استعمال نہیں کر سکتا	06.37
پانی کی سطح کافی اچھا اشارہ ہے.	06.47
لیکن ہم افق نہیں دیکھ سکتے ہیں اور پانی کی چمک بھی تھوڑی مبہم ہو سکتی ہے.	06.50
یہاں یہ افق نہیں ہے بلکہ دریا میں ایک curve ہے	06.57
لہذا میرے پاس کوئی حقیقی اشارہ نہیں ہے کہ افق کی جانچ کیلئے رولر کو کہاں مقرر کیا جائے	07.02
مجھے ابھی صرف اپنی آنکھوں پر یقین کرنا ہوگا، جو میرے مطابق فوٹوگرافی میں کچھ کرنے کا بدترین طریقہ ہے.	07.08
اب میں Rotate ٹول منتخب کرتا ہوں اور میں corrective Backward کے بجائے normal Forward چنتا ہوں اور میں Preview کے طور پر Image پر مقرر کرتا ہوں، Grid کے طور پر نہیں.	07.16

07.30	ٹھیک ہے،تصویر پر کلک کریں.
07.38	یہاں سینٹر میں "center of rotation" نامی ایک پوائنٹ ہےاور امیج اس پوائنٹ کے ارد گرد گھومے گی.
07.46	اور یہاں وہ ڈائیلاگ دیا گیا ہے جہاں ہم وہ angle مقرر کر سکتے ہیں جس پر ہم امیج کو گھمانا چاہتے ہیں
07.52	یہاں ہمارے پاس ایک سلائیڈر ہے جو امیج کو روٹیٹ کرنے میں میری مدد کرسکتا ہے،لیکن آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اسے ہینڈل یا استعمال کرنا مشکل ہےاور مجھے نہیں لگتا کہ مجھے امیج اتنی ٹیڑھی کرنے کی ضرورت ہے.
08.05	لہذا یہاں سے واپس صفر پر جاتے ہیں اور اب میں امیج کو روٹیٹ کرنے یعنی گھمانے کیلیئے یہاں صرف اسٹائل کا استعمال کروں گا.
08.14	مجھے لگتا ہے کہ امیج دائیں جانب تھوڑی سی جھکی ہے لہذا مجھے امیج کو بائیں طرف یعنی اُلٹی طرف گھمانا ہوگا،لہذا مجھے منفی ویلیو رکھنے ہوں گے.
08.29	چنانچہ اس وقت تک angle کو تبدیل کرنا جاری رکھتا ہوں جب تک مجھے صحیح اور سیدھی امیج حاصل نہیں ہو جاتی
08.36	چنانچہ اینگل کو 0.25- مقرر کرتا ہوں.
08.43	اس ونڈو کو واپس کھینچیں اور گھمانے کے لئے کلک کریں اور اس آپریشن کے نتیجے کا انتظار کریں.
08.50	اگلا مرحلہ cropping ہے
08.54	امیج میں، میں یہاں سمندری جہاز، پانی اور ان پرندوں کو رکھنا چاہتا ہوں
09.02	میں اس امیج میں یہاں گھاس نہیں رکھنا چاہتا،اور اس حصے کو یہاں نہیں رکھنا چاہتا ہوں اور واقعی میں یہ یقینی طور پر نہیں کہہ سکتا کہ مجھے میری امیج میں اس دریا کے کنارے رکھنا ہے یا نہیں.
09.16	اور مجھے لگتا ہے کہ میں امیج کا یہ حصہ crop کروں گا کیونکہ بعد میں مجھے اس امیج کا سب سے زیادہ اندھیرے والا حصہ چاہئے
09.24	یعنی یہاں پرندوں،سمندری جہاز اور پھر درخت، سمندری جہاز کے پیچھے کنارا،اور آخر میں پانی اور آسمان کو ظاہر کرنا چاہتا ہوں.
09.35	امیج کا یہ حصہ انتہائی گہرے رنگ میں ہے
09.39	میں اس امیج کے اس حصے میں زوم کرنا چاہتا ہوں چونکہ میں دریا کے حصے کو ممکنہ حد تک شامل کرنا چاہتا ہوں لیکن دریا کے کنارے کا کچھ بھی نہیں رکھنا چاہتا ہوں
09.49	لہذا میں حاٹ کی Z دبا کر امیج کے اس حصے میں زوم کرتا ہوں.

10.00	یہاں دوسری اڑتی ہوئی چڑیا ہے.
10.02	لہذا میں بائیں جانب جاتا ہوں اور میں رولر کو کنارے کے قریب کھینچتا ہوں اور اسے یہاں چھوڑ دیتا ہوں.
10.09	اور Shift + ctrl + E دباتا ہوں، جو مجھے امیج پر واپس لاتا ہے
10.15	اب مجھے crop ٹول منتخب کرنا ہوگا اور اس میں کچھ آپشنس مقرر کرنے ہوں گے.
10.20	میں 2:1 کا Fixed aspect ratio رکھنا چاہتا ہوں.
10.29	اور پریویو میں میں تھوڑی مدد کے لئے rule of thirds سیٹ کرتا ہوں جو مجھے کچھ مددگار لائنیں فراہم کرے گا
10.37	دیکھیں کہ یہاں کیا کیا شامل ہے.
10.41	یہاں یہ چڑیوں کا ایک گروپ ہے اور یہاں واحد چڑیا ظاہر ہوتی ہے.
10.47	اب آپ rulers away پر کلک کر سکتے ہیں.
10.51	امیج کے نچلے حصے پر پانی ہے، لیکن مجھے لگتا کہ اس میں کافی پانی نہیں ہے اور آسمان کا بہت بڑا حصہ شامل ہے.
11.01	میں یہاں اس ایک چڑیا کو چھوڑ سکتا ہوں کیونکہ میں امیج میں اس ہمِنگ برڈ کے گروپ کو رکھنا چاہتا ہوں.
11.09	اب میں بس اسے نیچے کھینچتا ہوں اور مجھے لگتا ہے کہ یہ بہت اچھا لگتا ہے
11.14	اپنے کام کی جانچ کرنے کے لئے میں rule of thirds منتخب کرتا ہوں.
11.19	میری آنکھیں اتنی خراب نہیں ہے کیونکہ میں نے امیج کو تین الگ الگ حصوں میں یعنی پانی، درخت اور آسمان میں تقسیم کیا ہے.
11.30	سمندری جہاز دلچسپی والی اشیا میں سے ایک ہے
11.34	یہ ہمِنگ برڈ کا گروپ دوسری دلچسپی کا نقطہ ہے اور یہ امیج کا 1/9 واں حصہ ہے.
11.42	مجھے لگتا ہے کہ یہ کام کرے گا، تو میں crop کرنے کے لئے امیج پر کلک کرتا ہوں.
11.49	امیج کو بڑا کرنے کے لئے tab اور shift + ctrl + E دبائیں.
11.55	مجھے لگتا ہے کہ ہم نے امیج کو crop کرتے ہوئے اچھی شروعات کی ہے اور اس کے بعد امیج کے ساتھ جو کچھ بھی کرنا ہے، وہ میں آپ کو اگلے ٹیوٹوریل میں دکھاوں گا.
12.05	الوداع کہنے سے پہلے، مجھے اس امیج کو سیو کر لینا چاہئے، جو میں نے پہلے ہی کر لیا ہے.

12.12	میں امیج کو Fog.xcf کے طور پر سیو کرتا ہوں اور 'xcf'، GIMP کے اپنے فائل فارمیٹ کا ایکسٹینشن ہے اور اس میں layers اور undo کے بارے میں بہت سی اہم معلومات ہیں اور GIMP کی اور سے کافی ساری معلومات شامل ہوتی ہیں.
12.29	میں آپ کی رائے جاننا چاہوں گا.
12.32	مجھے بتائیے کہ آپ کو کیا پسند آیا، info@meetthegimp.org پر ای میل کر کے مجھے بتائیے کہ میں کس طرح اسے اور بہتر بنا سکتا ہوں.
12.42	مزید معلومات http://meetthegimp.org پر دستیاب ہے.
12.47	اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے . شامل ہونے کے لئے شکریہ.